# متشابہ الفاظ (ابتدائی)

اس مشق کا فائدہ یہ ہے کہ املا کی وہ غلطیاں جو آواز کی مشابہت کی وجہ سے پیش آتی ہیں ان شاء اللہ کم ہو جائیں گی۔ ثانوی فائدہ یہ ہے کہ ذخیرۂ الفاظ بڑھے گا مزید یہ کہ کلام کو مزید مزین اور مرصع کرنے میں ایسے الفاظ کے جوڑے کام آئیں گے۔

| | |
|---|---|
| ۔۔۔۔۔۔ ایک شکاری پرندہ ہے۔<br>۔۔۔۔۔ لوگ بڑے خوش قسمت ہوتے ہیں۔<br>بڑا ڈھوکے ۔۔۔۔۔۔ آدمی ہے، اللہ بچائے! | (باز، بعض) |
| جیسے ہی فوج کا ۔۔۔۔۔۔۔۔ گرا سب کے حوصلے پست ہو گئے۔<br>غم و ۔۔۔۔۔۔ چھوڑو، اب یہ سوچو کرنا کیا ہے۔ | (الم، علَم) |
| بھائی وہ یہ کام کرلے گا، بڑا ۔۔۔۔۔۔۔ آدمی ہے ماشاء اللہ!<br>ادھر ادھر کی باتیں نہیں کرو، میرا حساب ۔۔۔۔۔۔۔ کرو۔ | (بے باک، بے باق) |
| یہ کیسی اردو لکھتے ہو؟ ۔۔۔۔۔۔۔ تک غلط لگے ہوئے ہیں۔<br>آج ایک صاحب نے بڑے ۔۔۔۔۔۔۔ کی بات بتائی ہے۔ | (نکتے، نقطے) |
| ۔۔۔۔۔۔۔ کھاؤ پیڑ مت گنو۔<br>میں ایک ۔۔۔۔۔۔۔ سا آدمی ہوں۔ | (آم، عام) |
| ہمیں حکم ہے کہ صرف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ روزی کھائیں۔<br>رمضان کی انتیس تاریخ کے بعد سب کی نظریں ۔۔۔۔۔۔۔ تلاش کرنے لگتی ہیں۔ | (ہلال، حلال) |
| یہ تمھارا کیا ۔۔۔۔۔۔ ہو گیا ہے؟<br>سب مہمان کھانے کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔ میں تشریف لے آئیں۔ | (ہال، حال) |
| واہ! کیا شعر ہے ۔۔۔۔۔۔ | (مکرّر، مقرّر) |

LIVEWORKSHEETS

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| اس مشورے کے لیے آج شام کا وقت۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوا ہے۔ | |
| میرے۔۔۔۔۔۔ رہو۔<br>ہفتے میں۔۔۔۔۔۔ دن ہوتے ہیں۔ | (سات، ساتھ) |
| ۔۔۔۔۔۔۔ میں آگ لگ گئی اور لوگ چیخنے لگے۔<br>۔۔۔۔۔۔۔ بہت سے لوگوں کو خراب کر دیتی ہے۔ | (امارت، عمارت) |
| کمال ہے! میں اتنی دیر سے تمھیں سمجھا رہا ہوں اور تمھیں ذرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہی ہوا۔<br>۔۔۔۔۔۔۔۔ کی نماز پڑھ لی؟<br>۔۔۔۔۔۔۔۔ حاضر کا ایک بہت بڑا فتنہ یہ اسکرین ہے۔ | (اثر، عصر) |
| بیل سارا دن۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چلاتے رہتے ہیں۔<br>تمھارا مسئلہ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوا یا نہیں؟ | (ہل، حل) |
| یہ۔۔۔۔۔۔ و فریاد ختم کرو<br>کبھی تم نے حب ڈیم کا۔۔۔۔۔۔۔ دیکھا ہے؟ | (نالا، نالہ) |
| اس کام کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتے رہو گے تو ماہر ہو جاؤ گے۔<br>روزے دار کے منہ کی بو اللہ کو۔۔۔۔۔۔۔ سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ | (مشک، مشق) |
| اللہ تمھیں۔۔۔۔۔۔۔ خوش رکھے۔<br>تم۔۔۔۔۔۔۔۔ لگاؤ، لوگوں تک پہنچانا اللہ کا کام ہے۔ | (سدا، صدا) |
| لو! یہ کتاب تمھاری۔۔۔۔۔۔۔۔۔<br>میری۔۔۔۔۔۔۔ میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو یہ کام کر سکے۔<br>اس نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مانی ہے کہ اگر اس کا یہ کام ہو گیا تو روزہ رکھے گا۔ | (نظر، نذر) |
| بقر عید کے دنوں میں منڈیوں میں ایک۔۔۔۔۔۔۔۔ سا لگ جاتا ہے۔<br>۔۔۔۔۔۔۔۔ کپڑے پہن کر نماز کے لیے نہ جایا کرو۔ | (میلہ، میلا) |
| میں نے جب گھر آکر گوشت۔۔۔۔۔۔۔۔ تو کلو سے بہت کم نکلا۔ | (تولہ، تولا) |

LIVEWORKSHEETS

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| آج کل ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سونا کتنے کا ہو گیا ہے؟ | |
| کسی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے پاس بیٹھو تو زندگی گزارنے کا ڈھنگ آئے گا۔<br>تم نے پرندوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ڈال دیا ہے؟ | (دانہ، دانا) |
| بھئ! تم میں سے کسی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔و شاعری کا شوق نہیں ہے؟<br>اپنے گھر میں تو چوہا بھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔ | (شیر، شعر) |
| میں تو اسی رائے کا۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوں، اب تم بتاؤ کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہو یا نہیں۔ | |

LIVEWORKSHEETS